ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (82)

05-02-2023

# بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ پولیس لائن کانفرنس ہال میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ تعارفی میٹنگ۔

تفصیل کے مطابق بہاول پور میں نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا اور پولیس لائنز میں کانفرنس ہال میں ایس پی انویسٹی گیشن ارسلان زاہد کے ہمراہ ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ تعارفی میٹنگ کی۔ایس پی انویسٹی گیشن نے ضلع بھر میں ہونے والے کرائم کے حوالے سے ڈی پی او کو بریف کیا۔ڈی پی او نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جرائم کو چھپانا نہیں بلکہ اس کے اندارج کو یقینی بنائیں،مقدمات کا اندراج فوری کریں۔مقدمات کی تفتیش میرٹ پر کریں۔حلقہ آفیسران زیر تفتیش مقدمات کی مانیٹرنگ کریں اور تفتیشی آفیسران کو مقدمات کو یکسو کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔سنگین مقدمات کی اطلاع کی صورت میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور حقائق کے مطابق اندراج مقدمات اور تفتیش کو عملی جامہ پہنائیں۔ایس ڈی پی اوز اپنے سرکلز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے تھانہ جات کے علاقہ میں جرائم کو کنٹرول کریں۔کرپشن،تشدد اور غیر قانونی حراست بالکل برداشت نہیں کی جائے گی۔بہاول پور کی عوام الناس کے جان و مال اور عزت آبرو کے تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جرائم پر قابو پانا اور اشتہاری و عدالتی مفرران کو ہرصورت گرفتار کرنا ہمارا اولین فرض ہے۔پولیس کے سافٹ امیج کو بحال کرنے کے لیے عوام دوست پالیسی اپنائی جائے۔دفاتر ہائے سے آنے والی اور فرنٹ ڈیسک پر دی جانے والی درخواستوں پر فوری کارروائی کریں۔روزانہ کی بنیاد پر ضلع ہذا کا کرائم اور سائلین کی درخواستوں کو خود مانیٹر کروں گا۔POLCOM اور سنٹرلائزڈ نظام کو ہرصورت فالو کریں۔غلط بیانی،غلط رویہ اور سستی و کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔تھانوں کا ریکارڈ مکمل رکھا جائے جو کسی بھی سرپرائز وزٹ پر چیک کیا جائے گا۔مزید براں ڈی پی او نے کہا کہ احتساب کا نظام اور سزا جزا مکمل میرٹ پر ہوگی۔بعد ازاں ڈی پی او نے پولیس لائن وزٹ کیا جہاں پر انہوں نے میس ہال کا جائزہ لیتے ہوئے مزید بہتر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔پولیس لائن کانفرنس ہال میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ تعارفی میٹنگ۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (83)

05-02-2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (84)

05-01-2023

**بہاول پور() انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 03 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 24 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 810 گرام زائد چرس اور 277 لیٹر دیسی شراب، 14 عدد پسٹل 30 بور اور 01 رپیٹر 12 بور برآمد ،مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جاری کردہ مہم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف مہم جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تھانہ ہیڈ راجکاں اور عنائتی پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 810 گرام چرس برآمد کرلی۔ تھانہ عنایتی ،سٹی حاصلپور، سمہ سٹہ، اور ہیڈ راجکاں پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 277 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ سمہ سٹہ، سٹی حاصلپور، کینٹ، بغداد الجدید، اوچ شریف، عنائتی، خیر پور ٹامیوالی اور صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 13 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کرلیا۔۔متعلقہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: پولیس کی گزشتہ 03 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 24 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج